بسم اللہ الرحمن الرحیم

اِمتَحِنُوا شِیعَتَنا عِندَ مَواقِیتِ الصَّلاۃِ کَیفَ مُحافَظَتُھُم عَلَیھا

ترجمہ: ہمارے شیعوں کو نماز کے وقت آزماؤ کہ نماز کی کس قدر پابندی کرتے ہیں

(امام جعفر صادقؑ) سفینۃ البحار جلد ۲، ص ۴۳۔

# شکیات نماز

مرتبہ

مولانا محمد جواد نوری

ناشر: دار الابلاغ والارشاد پاکستان کراچی

diipak.noori@gmail.com, 0300-2352723, 0312-2864077

دار الابلاغ
DARULIBLAGH
WAL IRSHAD PAKISTAN

کیا آپ کو نماز میں شک ہوتا ہے؟ ایک کارڈ میں شکیات۔۔۔

شک کا مطلب ہے دونوں جانب

50%     50% احتمال ہو

اگر ایک طرف 70% اور ایک طرف 30% احتمال والا مسئلہ ہو تو اس کو شک نہیں کہا جائیگا بلکہ جس طرف 70% ہو اس کو Follow کیا جائیگا۔ لہذا دوران نماز رکعتوں کی تعداد یا کسی واجب کام کے بجالانے نہ لانے کے بارے میں شک کرے تو ایک لمحہ کے لئے غور و فکر کرے اگر سوچ بچار کے نتیجے میں شک دور ہو جائے تو ٹھیک ہے ورنہ نماز توڑنے کی جسارت اور عادت کے بجائے کارڈ میں دیئے گئے شرعی اور فقہی قاعدہ اور طریقہ پر باید عمل کیا جائے۔

مزید رہنمائی کے لئے علاوہ اوقات نماز دیئے گئے نمبرز پر اپنے سوالات کے جوابات کیلئے رابطہ کر سکتے ہیں

Available at: Tahira's Soldier Bazar, Karachi.
حق چاپ محفوظ

Presented by Ziaraat.Com

Scanned with CamScanner

# شکیات نماز

## ناقابل اعتبار شکوک

وہ 6 شکوک جن کی پرواہ نہیں کرنی چاہیے وہ حسب ذیل ہیں:

۱۔ اس فعل کے بارے میں شک جس کے بجالانے کا محل گزر گیا ہو مثلاً نمازی رکوع میں شک کرے کہ اس نے الحمد پڑھی ہے یا نہیں۔

۲۔ سلام کے بعد شک

۳۔ نماز کا وقت گزر جانے کے بعد شک

۴۔ کثیر الشک یعنی بہت زیادہ شک کرنے والے کا شک

۵۔ امام یا ماموم کا شک جبکہ دوسرا رکعتوں کی تعداد جانتا ہو۔

۶۔ مستحب نمازوں میں شک۔

---

## نماز احتیاط پڑھنے کا طریقہ

نماز کے سلام کے فوراً بعد نماز احتیاط کی نیت کر کے تکبیر کہے اور فقط الحمد پڑھ کر رکوع اور دونوں سجدے بجالائے۔ ایک رکعت نماز احتیاط واجب ہو تو تشہد اور سلام پڑھے اور اگر دو رکعت پڑھنی ہو تو پہلی رکعت کی طرح ایک اور رکعت بجالائے۔ اور تشہد و سلام پڑھے۔

نماز احتیاط میں سورۃ اور قنوت نہیں ہے۔

Presented by Ziaraat.Com

Scanned with CamScanner

# باطل شکوک

## 8 قسم کے شک جو نماز کو باطل کردیتے ہیں وہ یہ ہیں:

۱۔ ہر دو رکعتی واجب نماز مثلاً نماز فجر اور نماز قصر کی رکعتوں کی تعداد کے بارے میں شک۔

۲۔ تین رکعتی نماز میں رکعتوں کی تعداد کے بارے میں شک۔

۳۔ چار رکعتی نماز میں شک کرنا کہ ایک رکعت پڑھی ہے یا زیادہ۔

۴۔ چار رکعتی نماز میں سجدہ دوئم سے پہلے شک کرے کہ دو رکعتیں پڑھی ہیں یا اس سے زیادہ۔

۵۔ دو اور پانچ یا اس سے زیادہ رکعتوں میں شک۔

۶۔ تین اور چھ یا اس سے زیادہ رکعتوں میں شک۔

۷۔ چار اور چھ یا اس سے زیادہ میں شک۔

۸۔ یاد اور معلوم ہی نہ ہو کہ کتنی رکعتیں پڑھی ہیں۔

---


## سجدہ سہو کا طریقہ:

نماز کے بعد بلا فاصلہ سجدہ سہو کی نیت کر کے سجدہ میں چلا جائے اور کہے بِسْمِ اللّٰهِ وَ بِاللّٰهِ اَلسَّلامُ عَلَیْکَ اَیُّهَا النَّبِیُّ وَ رَحْمَةُ اللّٰهِ وَ بَرَكَاتُهُ اس کے بعد دوبارہ سجدے میں جا کر مذکورہ ذکر پڑھے اور بیٹھ جائے اور تشہد کے بعد کہے السلام علیکم ورحمۃ اللہ وبرکاتہ

Scanned with CamScanner

Presented by Ziaraat.Com

# صحیح شکوک




Presented by Ziaraat.Com
Scanned with CamScanner